بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۲۵ دسمبر سے ۲۸ دسمبر ۱۹۸۰ء تک

مدینۃ المسیح لاہور میں

ایک بابرکت اور روح پرور اجتماع میں شمولیت فرما کر اپنے ایمان میں اضافہ فرمائیے

امروز قوم من نہ شناسد مقام من ۔ روزے بگریہ یاد کند وقت خوشترم

حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی مجدد صد چہاردہم رحمۃ اللہ علیہ

اے آنکہ سوئے من بدویدی بصد تبر ۔ از باغباں بترس کہ من شاخ مثمرم

چند اکابرین امت کی آراء ، اسلام کے اس بطل جلیل اور فتح نصیب جرنیل کے بارہ میں:

- علامہ محمد شلتوت شیخ الازہر قاہرہ — احمدی ہمارے بھائی ہیں وہ اس کلمہ طیبہ پر ایمان و اعتقاد رکھتے ہیں جس پر ہمارا اعتقاد و ایمان ہے (الیسنا فریقین نامز ۹۱ ۱۹۶)
- خواجہ غلام فرید چاچڑاں شریف — مرزا صاحب نیک اور صالح انسان ہیں — حق پر ہیں اور اپنے معاملہ میں سچے اور صادق ہیں مہدی اور مسیح ہونیکا دعویٰ کیا تو وہ ان باتوں میں سے ہے جو جانتے ہے
- مولانا شبلی نعمانی مرحوم — مرزا صاحب کو امام مان لینے میں تو کوئی ہرج نہیں بلکہ نہایت مستحسن امر ہے۔
- سر سید احمد خان صاحب — مرزا غلام احمد صاحب قادیانی کے کیوں لوگ پیچھے پڑے ہیں میں سنتا ہوں کہ آدمی نیک بخت اور نمازی پرہیزگار ہے یہی امر انکی بزرگداشت کو کافی ہے
- مولانا ابوالکلام آزاد — آئندہ امید نہیں کہ ہندوستان کی مذہبی دنیا میں اس شان کا شخص پیدا ہو جو اپنی اعلیٰ خواہشیں محض اس طرح مذہب کے مطالعہ میں صرف کردے۔
- علامہ ڈاکٹر محمد اقبال — موجودہ ہندی مسلمانوں میں مرزا غلام احمد قادیانی سب سے بڑے مفکر ہیں۔ اگر ٹھیٹھ اسلامی تہذیب کا نمونہ دیکھنا ہو تو وہ اسی فرقہ میں ملیگا جو قادیان میں پیدا ہوا ہے
- خواجہ حسن نظامی — جو شخص خدا کو ایک مانے محمد رسول اللہ صلعم کو رسول برحق مانے قرآن کو خدا کا کلام مانے اور قبلہ رخ نماز پڑھے وہ مسلمان ہے ..... اور جو مسجد کا امام مسلمانوں کو کافر



صدر دفتر احمدیہ بلڈنگس لاہور

امام وقت کی جانشین انجمن کی مرکزی مسجد

وہ جگہ جہاں امام وقت کا وصال ہوا

ندائے فتح نمایاں بنام ما باشد

www.aaiil.org

حرفِ آغاز

جلسہ سالانہ ۱۹۸۰ء کا یہ دعوت نامہ مع پروگرام اس جلسہ کی اہمیت و نوعیت کے پیشِ نظر غیر معمولی انداز میں نذرِ قارئین کیا جا رہا ہے۔ یہ جلسہ چودھویں صدی ہجری کا آخری جلسہ اور پندرھویں صدی کا اوّلین اجتماع ہے۔ اور ہمارے لئے یہ ایک نہایت اہم تقریب ہے کیونکہ ہم اُس مامور من اللہ کے متّبعین ہیں جس کا چودھویں صدی کے شروع میں شدّت سے انتظار تھا اور احادیثِ نبوی میں جسکی بعثت کے بیسیوں نشانات مذکور ہیں۔ اس ماموؔر کی آمد سے ہی اُمّتِ مسلّمہ کی فلاح و بہبود اور اسلام کے تمام ادیان پر غالب آنیکے وعدے وابستہ تھے۔ ہم اللہ تعالیٰ کی عنایت کے شکر گذار ہیں کہ اُس نے ہمیں اس مردِ حق کی شناخت کی توفیق بخشی جو چودھویں صدی کا مجدّد، مسیح موعوؔد اور مہدی معہوؔد تھا۔ اِس ماموؔر نے ارشادِ ربّانی ولتکن منکم امۃ ... الخ کے تحت ایک جماعت بنائی، اور دعوت الی الخیر کا کام شروع کیا اور اپنے ساتھیوں کو قرآن مجید کی تعلیمات کے ساتھ دنیا کو فتح کرنے اور جہادِ اکبر کے لئے تیار کیا۔ اور جس نے ایک طرف "پائے محمدیان بر منار بلند تر محکم افتاد" کی نوید سنائی تو دُوسری طرف "مغرب سے طلُوعِ اسلام" کی بشارت دی کہ نبیٔ اکرمؐ کے ارشاد کے تحت آخری زمانہ میں ایسا ہی مقدّر ہے۔ اس سے پہلے ہمارے جلسے سال کے اختتام پر ہُوا کرتے تھے، اور یہ صدی کے اختتام کا جلسہ ہے جس میں ہم نے اس امر کا جائزہ لینا ہے کہ مجدّدِ صدِ چہاردہم کے مشن کو ہم نے کس حد تک پُورا کیا ہے۔ اور اب پندرھویں صدی میں اس جماعت کا لائحہ عمل کیا ہوگا؟

ہمارے مکرّم دوست مولٰینا محمد عبدُاللہ صاحب (مبلغ امریکہ) نے تحریک فرمائی کہ اس رسالہ کے اخراجات طباعت اشتہارات کے ذریعہ وصُول کئے جائیں اور کچھ لوگ تو اپنے اشتہار کی قیمت ادا کریں اور بعض لوگ پچاس ڈالر یا پانصد روپیہ میں ایک صفحہ خرید کر اُسے اپنے بزرگوں اور جماعت احمدیہ کے نامور مجاہدوں کے ذکرِ خیر کیلئے وقف کریں اور انھیں خراجِ عقیدت پیش کریں۔ چنانچہ اس تجویز پر عمل کرتے ہوئے یہ مرقع ایک سوانحی خاکہ بھی ہے اور جلسہ سالانہ میں شرکت کے لئے دعوت نامہ اور پروگرام بھی پیش کرتا ہے۔

ابتدا میں اس انجمن کے بانیان کا ذکرِ خیر اور ان کی گرانقدر خدمات کا اعتراف ہے جو نہایت اختصار سے دیا گیا ہے۔ اور بعض اصحاب کے صرف اسمائے گرامی درج کئے گئے ہیں جو اوّلون السابقون میں ہونیکی وجہ سے بڑا درجہ رکھتے ہیں۔ اور اگر کسی کا نام رہ گیا ہو تو اسے محض سہو پر محمول کیا جائے ورنہ ہمارے قلوب میں سب کی یکساں عزّت و توقیر ہے۔ اللھم ارفع درجاتھم وادخلھم فی الجنّۃ۔

(مرزا) مسعوؔد بیگ
جنرل سیکرٹری

۲۶ر اکتوبر ۱۹۸۰ء

احمدیہ انجمن اشاعت اسلام لاہور کے اغراض و مقاصد

احمدیہ انجمن اشاعت اسلام لاہور بفضلہ تعالیٰ اپنی زندگی کے چھیاسٹھ سال پورے کر چکی ہے۔ ۳ مئی ۱۹۱۴ء کو یہ معرض وجود میں آئی اور اسکے وجود میں آنیکی غرض محض ایک صداقت کی حفاظت اور ایک باطل عقیدہ کا استیصال تھا۔ اگر ہمارے چند بزرگان اُسوقت انتہائی بے سروسامانی اور کمزوری اور ناموافق حالات کے باوجود اس غلو کے مقابلہ کیلئے کمربستہ نہ ہوتے جسکی رُو سے لا الٰہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ کہنے والے خارج از اسلام قرار دیئے گئے اور حضرت مسیح موعود کے نبوت سے انکار کے باوجود اُنھیں مدعی نبوت ٹھہرایا گیا تو آج اُمتِ مسلمہ ایک بڑی گمراہی کا شکار ہو گئی ہوتی اور مسیح موعود کو اسی طرح مسندِ نبوت پر بٹھا دیا جاتا جسطرح مسیح اوّل کو خدا کا بیٹا بنا کر الوہیت کا مدعی قرار دیا گیا۔ اور علّتِ تکفیر جسکے لئے امامِ زمان نے اپنے مخالفین کو موردِ الزام ٹھہرایا تھا خود اُنکے متبعین کی علامت بن جاتی اور اتحاد بین المسلمین کی کوئی صورت باقی نہ رہتی۔ پس احمدیہ انجمن اشاعت اسلام لاہور کا وجود میں آنا ایک مبارک امر تھا کیونکہ اس جماعت نے نہ صرف تحفظ ختم نبوت کا فریضہ سرانجام دیا بلکہ ہر کلمہ گو کو مسلمان قرار دیکر اتحاد بین المسلمین کی بنیاد رکھی اور یہی ایک جماعت ہے جو صحیح معنوں میں ختم نبوت کی قائل اور کلمہ طیبہ کی محافظ ہے۔ ان دینی اور شرعی تقاضوں کے علاوہ اس انجمن نے حضرت امامِ زمان کے مشن کی تکمیل کا بیڑا اُٹھایا اور اسلام کی اشاعت اور قرآن مجید کے انوار کو اطرافِ عالم میں پھیلانے اور حضرت مسیح موعود کے الہام "میں تیری تبلیغ کو زمین کے کناروں تک پہنچاؤنگا" کو پورا کرنیکا عزم بالجزم کیا اور گذشتہ چھیاسٹھ سال سے اس عزم پر بفضلہ قائم ہے۔

حضرت مولینا محمد علی صاحب علیہ الرحمۃ کا انگریزی ترجمۃ القرآن ۱۹۱۷ء میں شائع ہوا، اور اس وقت تک اس کے آٹھ ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔ علاوہ ازیں حضور نبی کریم صلعم کی سیرت طیبہ، مجموعہ احادیث، تاریخ خلافت راشدہ، دین اسلام پر ایک مبسوط تصنیف اور اسلام کے ہر پہلو اور ملت اسلامیہ کی ہر ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے حضرت امیر مرحوم و مغفور نے اسّی ۸۰ سے زائد کتب اور رسائل تصنیف فرمائے اور بیشتر کتب کے تیس ۳۰ کے قریب غیر زبانوں میں تراجم شائع ہو چکے ہیں۔ انگریزی ترجمۃ القرآن کے علاوہ جرمن، ڈچ، جاوی اور انڈونیشی زبانوں میں بھی اس انجمن اور اسکی شاخہائے کی طرف سے قرآن مجید کے تراجم شائع ہو چکے ہیں۔ اس انجمن کا پیدا کردہ قیمتی لٹریچر اور یہ تراجم ہزاروں کی تعداد میں مُفت تقسیم کئے جا چکے ہیں اور دُنیا کی بڑی بڑی لائبریریوں میں چیدہ چیدہ کتب کے سیٹ بھجوائے گئے ہیں۔ اسوقت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اسلام کے متعلق اہلِ مغرب کا رویہ اور نظریہ بالکل بدل چکا ہے اور انھوں نے اعتراف کیا ہے کہ تعصب کی رَو میں بہہ کر ماضی میں اُنھوں نے اسلام کے ساتھ بڑی ناانصافی کی ہے اور اب وہ حضرت محمد رسول اللہ صلعم کی سیرت اور اسلام کی تعلیم سے روشنی حاصل کرنے کے طالب ہیں۔ حتیٰ کہ کیتھولک عیسائی بھی اسلام کو سمجھنے کے خواہاں ہیں اور متلاشیانِ حق کی اس ضرورت کو پورا کرنے کیلئے مرکزی احمدیہ انجمن اشاعت اسلام لاہور اور اسکی شاخہائے جو اللہ تعالیٰ کے فضل سے انگلستان، جرمنی، ہالینڈ، انڈونیشیا، جزائر فیجی، ٹرینڈاڈ، گھانا، سرنیام، کینیڈا، امریکہ اور بھارت کے مختلف مقامات پر تبلیغی کاوشوں میں مصروف ہیں، اور پختہ یقین رکھتی ہیں کہ اب وہ دن بہت دور نہیں جب حضرت محمد مصطفیٰ صلعم کا ارشاد کہ آخری زمانہ میں مغرب سے آفتاب طلوع ہوگا پورا ہوا اور اسلام کی رُوحانی روشنی کا یہ چمکتا ہوا سورج ساری دنیا کو نظر آجائے اور حضرت مسیح موعود سے کئے گئے الٰہی وعدے سچے ثابت ہوں کیونکہ یہی اس انجمن کے قیام کی غرض و غایت ہے۔ اللھم انصر من نصر دین محمد صلی اللہ علیہ وسلم

★ اس انجمن کے بانیان کا نہایت مختصر تذکرہ آئندہ صفحات میں پیش کیا جاتا ہے ؛

بانی احمدیہ انجمن اشاعتِ اسلام لاہور اور اُن کے رفقائے کرام

حضرت مولینا محمد علی رحمۃ اللہ علیہ — حضرت خواجہ کمال الدین رح — حضرت ڈاکٹر مرزا یعقوب بیگ رح — حضرت ڈاکٹر سید محمد حسین شاہ رح — حضرت شیخ رحمت اللہ رح

★ چودھویں صدی ہجری میں اسلامی دنیا کا وہ بے مثل مفکر جسے امامِ وقت رح نے کشف میں اپنا قلم عطا کیا اور اسلام کے اس مجاہدِ کبیر نے اس قلم سے کم و بیش پچاس ہزار صفحات اُردو اور انگریزی میں لکھ کر مسلمانوں کے ہاتھوں میں ایسا صحت مند اور قدآور لٹریچر دیا ہے جو قیامت تک ملتِ بیضا کی سربلندی اور بالادستی کا لوہا منواتا رہے گا

کتب اُردو

(۱) تفسیر بیان القرآن مع عربی متن
(۲) سیرت خیر البشر
(۳) خلافتِ راشدہ
(۴) مقدمۃ القرآن
(۵) مقامِ حدیث
(۶) حمائل شریف مترجم
(۷) نکات القرآن
(۸) احمد مجتبیٰ (۹) محمد مصطفٰے
(۱۰) النبوۃ فی الاسلام
(۱۱) المسیح الدجال
(۱۲) مسیح موعود
(۱۳) حقیقت مسیح
(۱۴) حقیقت اختلاف
(۱۵) مراۃ الحقیقۃ
(۱۶) حدوث مادہ (۱۷) آیت اللہ
(۱۸) عیسویت کا آخری سہارا
(۱۹) تحریک احمدیت
(۲۰) فضل الباری ترجمہ شرح صحیح بخاری
(۲۱) ہستی باری تعالٰے
(۲۲) اسلام اور موجودہ جنگ
(۲۳) زندہ نبی کی زندہ تعلیم
(۲۴) مسیح موعود اور ختم نبوت
(۲۵) ردِ تکفیر اہلِ قبلہ
(۲۶) اسلام اور دیگر مذاہب
(۲۷) وفات مسیح اور نزول مسیح
(۲۸) مغرب میں تبلیغ اسلام یا اسلام کا دورِ جدید
(۲۹) اسلام یعنی ہمدردی بنی نوع کا مذہب
(۳۰) جماعت احمدیہ کے دو فریق
(۳۱) جمع قرآن

چند مشہور مفکرین کے ان کتب پر تبصرے :

(۱) **مولانا عبدالماجد دریابادی : انگریزی ترجمۃ القرآن)** یہ ترجمان چند کتابوں میں سے ہے جو چودہ پندرہ سال پہلے جب میں ظلمتوں اور دہریت کی گہرائیوں میں بھٹک رہا تھا، میرے لئے شمع ہدایت بن آئیں اور مجھے اسلام کا سیدھا راستہ سمجھایا کا ریڈ والے مولانا محمد علی صاحب جو ہر اس ترجمہ قرآن کے بہت شائق تھے اور وہ ہمیشہ اس کی تعریف کیا کرتے تھے۔

(۲) **مولانا ظفر علی خان :** مولانا محمد علی صاحب کی عالمگیر زندگی کا کوئی لمحہ خدمتِ اسلام سے خالی نہیں۔

(۳) **محمد مارماڈیوک پکتھال :** مولانا محمد علی صاحب کے تصنیفی کارناموں سے تحریک احمدیت ایک خاص شہرت کی مالک بن گئی ہے۔

(۴) **نواب زادہ حاجی ولی اسلام کلکتہ :** میرے علم القرآن کا منبع مولانا محمد علی صاحب کا انگریزی ترجمہ قرآن ہے۔

(۵) **نواب بہادر یار جنگ :** لاہور جماعت کے امیر مولانا محمد علی صاحب نے اسلام اور قرآن کی جو خدمت کی ہے اس سے کون واقف نہیں۔

(۶) **فیروز خان نون سابق وزیر اعظم پاکستان :** مولانا محمد علی صاحب نے اسلام کو دوبارہ زندہ کرنے کے لئے اتنی بڑی خدمت کی ہے کہ گذشتہ پانچ سو سال میں اس کی نظیر نہیں ملتی۔

(۷) **ڈاکٹر عمر بن داؤد پوتا :** مولانا محمد علی صاحب کی وفات سے ہم نے ایک ایسا آدمی کھو دیا ہے جس کی نظیر پاکستان کے نام نہاد علماء میں کہیں نہیں ملتی

حضرت مولینا کا آٹھ قیمتی کتب کا سٹ جو ان کے ارشاد کی تعمیل

میں دنیا کی پانچ ہزار لائبریریوں کو بھجوایا جا رہا ہے۔ تقریباً دو ہزار لائبریریوں کو یہ سٹ بھیجا جا چکا ہے۔

کتب انگریزی

(۱) انگریزی ترجمۃ القرآن مع عربی متن و شرح
(۲) انگریزی ترجمہ قرآن بلا متن مع ضروری نوٹ
(۳) دی ریلیجن آف اسلام
(۴) اے مینول آف حدیث
(۵) محمد دی پرافٹ
(۶) انٹروڈکشن ٹو دی سٹڈی آف دی قرآن
(۷) محمد اینڈ کرائسٹ
(۸) ارلی خلافت
(۹) فاؤنڈر آف دی احمدیہ موومنٹ
(۱۰) دی بابی موومنٹ
(۱۱) دی مسلم پریئر بک
(۱۲) لونگ تھاٹس آف دی پرافٹ محمد
(۱۳) کال آف اسلام
(۱۴) نیو ورلڈ آرڈر
(۱۵) سیلیکشنز فروم دی ہولی قرآن
(۱۶) پریئرز آف دی ہولی قرآن
(۱۷) اینٹی کرائسٹ گاگ اینڈ میگاگ
(۱۸) انٹروڈکشن ٹو دی سٹڈی آف حدیث
(۱۹) ہسٹری آف دی پرافٹس
(۲۰) تقدیر اینڈ پری ڈسٹینیشن
(۲۱) نائیو چیپٹرز آف دی ہولی قرآن
(۲۲) کولیکشن آف دی ہولی قرآن
(۲۳) اسلام دی ریلیجن آف ہومینٹی
(۲۴) بیک ٹو اسلام
(۲۵) ٹوسیکشنز آف دی احمدیہ موومنٹ
(۲۶) پرافٹ آف اسلام (انگریزی)
(۲۷) اسلام دی ریلیجن آف ہیومینٹی (انگریزی)

حضرت مولینا محمد علی صاحب علیہ الرحمۃ

حضرت مولینا محمد علی صاحب دسمبر ۱۸۷۴ء میں ریاست کپورتھلہ کے ایک گاؤں میں پیدا ہوئے۔ میٹرک تک اپنے وطن میں تعلیم پائی اور زاں بعد گورنمنٹ کالج لاہور سے ۱۸۹۴ء میں بی اے پاس کیا۔ اور اسلامیہ کالج لاہور میں ریاضی کے پروفیسر مقرر ہوئے اور اسی دوران ۱۸۹۶ء میں ایم اے پاس کیا۔ ۱۸۹۷ء میں آپ حضرت مسیح موعود کی بیعت میں داخل ہوئے ۱۸۹۹ء میں وکالت کا آخری امتحان پاس کر کے آپ گورداسپور میں پریکٹس کرنے کے انتظامات کر رہے تھے اور سول سروس کے امتحان مقابلہ میں بھی شریک ہونا چاہتے تھے کہ حضرت مسیح موعود نے انھیں انگریزی رسالہ ریویو آف ریلیجنز کی ادارت کیلئے منتخب فرمایا اور آپ نے امام زمان کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے اپنے آپکو خدمت دین کیلئے وقف کر دیا اور اپنے دنیاوی مفاد کے سب پروگرام ترک کر دیئے، ریویو آف ریلیجنز میں آپنے ایسے بلند پایہ علمی مضامین لکھے کہ ہر طرف سے تحسین کی صدا بلند ہوئی۔ حضرت مسیح موعود آپکے خلوص، ایثار اور متقیانہ زندگی سے بہت متاثر تھے اور آپ کی خوبیوں کو قابلِ رشک قرار دیتے تھے ۱۹۰۶ء میں حضرت اقدس نے صدر انجمن احمدیہ قادیان کی بنا ڈالی جو آپکے بعد جملہ کاروبار چلانیکی ذمہ دار ٹھہرائی گئی اور مولینا محمد علی صاحب اسکے سب سے پہلے سیکرٹری مقرر ہوئے۔ حضرت مسیح موعود کی وفات کے بعد حضرت مولینا نور الدین صاحب کے چھ سالہ دور میں بھی آپ اس انجمن کے سیکرٹری رہے اور قومی تعمیر اور جماعت کی تنظیم و استحکام اور توسیع و اشاعت کے جملہ امور نہایت خوبی سے سرانجام دیتے رہے ——— مئی ۱۹۱۴ء میں احمدیہ انجمن اشاعت اسلام لاہور کا قیام عمل میں آیا اور آپ جماعت کے امیر اور اس انجمن کے صدر منتخب ہوئے اور تادمِ آخر یہ دونوں فرائض نبھاتے رہے اس عرصہ میں اللہ تعالیٰ نے آپکو عظیم خدمات دینی کی توفیق عطا فرمائی۔ انگریزی ترجمۃ القرآن جسکی ابتدا ۱۹۰۹ء میں ہوئی تھی ۱۹۱۷ء میں شائع ہوا۔ اسکی دوسری ایڈیشن ۱۹۲۰ء میں شائع ہوئی اور بیان القرآن یعنی اردو ترجمہ و تفسیر ۱۹۲۲ء میں شائع ہوئی "سیرت خیر البشر" ۱۹۱۹ء میں "محمد دی پرافٹ" (انگریزی) ۱۹۲۳ء میں "تاریخ خلافت راشدہ" ۱۹۲۴ء میں "فضل الباری" ۱۹۲۶ء میں۔ حمائل شریف اردو ۱۹۳۰ء میں "ریلیجن آف اسلام" انگریزی جو حضرت اقدس کی خواہش کیمطابق اسلام پر بطور تصنیف لکھی گئی ۱۹۳۵ء میں شائع ہوئی۔ اور اسی طرح سال بسال حضرت مولینا مرحوم کے قلم سے نہایت قیمتی کتب اور رسائل اسلام کے ہر پہلو پر لکھے گئے جنکی مجموعی تعداد اسی سے زیادہ ہے اور پچاس ہزار سے زائد صفحات آپنے اسلام کی تائید میں رقم فرمائے ہیں ——— اِس بیش بہا علمی خزانہ کے علاوہ آپنے جماعت کی تربیت تنظیم و استحکام اور مبلغین کی تیاری پر خصوصی توجہ فرمائی۔ درسِ قرآن مجید اور علوم قرآنی سے خصوصی شغف اور سیرت رسول اللہ سے وابستگی جماعت احمدیہ کی علامت قرار پائی اور جماعت احمدیہ کے علاوہ عامۃ المسلمین نے بھی آپکی رہنمائی سے بہت فیض حاصل کیا آپکی زندگی کا خلاصہ دو لفظوں میں بیان کیا جاسکتا ہے یعنی "عشق قرآن"۔ قرآن مجید آپکی روح کی غذا تھی، اور انکے دل میں ایک ہی تڑپ تھی کہ قرآن کے پیغام کو اقصائے عالم میں پہنچایا جائے اور دنیا کی تمام بڑی بڑی زبانوں میں قرآن مجید کے تراجم شائع کئے جائیں، اس غرض کیلئے آپنے مضبوط مالی وسائل فراہم کرنیکی بھی پوری سعی کی اور تراجم قرآن کیلئے کئی لاکھ روپیہ جمع کیا اور اس سے پندرہ سو ایکڑ کے قریب زرعی زمین خریدی تاکہ اسکی آمد سے تراجم کا کام چلتا رہے نیز اشاعت اسلام کے فروغ اور علوم قرآنی کی زیادہ سے زیادہ اشاعت کیلئے آپنے برصغیر کے بڑے بڑے شہروں کا دورہ کیا اور غیر مسلموں میں قرآن مجید کی مفت تقسیم کیلئے بھی وسائل جمع کئے۔ آخری عمر میں آپ طرح طرح کے عوارض میں مبتلا رہے لیکن اس حالت میں بھی قرآن مجید کے ترجمہ پر نظر ثانی اور طباعت کے دوران پروف بینی کا کام کرتے رہے اور جب چھٹی ایڈیشن کے آخری پروف دیکھ چکے تو داعئ اجل کو لبیک کہا۔ گویا اسی کام کیلئے آپ زندہ تھے اور جب وہ کام مکمل ہو گیا تو ارجعی الی ربک راضیۃ مرضیہ کے مصداق ٹھہرے اور اپنے مولا کے حضور حاضر ہو گئے۔ اللھم اغفرلہ وارفع درجاتہ ۰

حضرت خواجہ کمال الدینؒ صاحب مرحوم

حضرت خواجہ کمال الدین صاحب مرحوم و مغفور لاہور کے ایک معزز کشمیری گھرانہ میں ۱۸۷۰ء میں پیدا ہوئے۔ سکول کی تعلیم کے بعد آپ مشن کالج لاہور میں داخل ہوئے۔ آپ شروع ہی سے ایک ذہین و فطین اور معقول پسند نوجوان تھے اور نئی روشنی کے تقاضوں کے مطابق آزاد رو بھی تھے اسلئے بہت جلد مشن کالج کے پادریوں کے زیر اثر آگئے۔ اور کالج کے پرنسپل نے بھی ان کی حوصلہ افزائی شروع کر دی اور خواجہ کمال الدین صاحب کی شب و روز دعوتیں ہونے لگیں، اور وہ عیسائیوں کے اس قدر قریب ہو گئے کہ صرف بپتسمہ لینے کی کسر باقی رہ گئی، اس زمانہ میں عیسائی مذہب قبول کر لینا دنیاوی خوشحالی کی ضمانت اور اچھا عہدہ حاصل کر لینے کا آسان ذریعہ تھا اور اکثر نوجوان اس طرف مائل ہو جاتے تھے۔ لیکن حسن اتفاق سے خواجہ صاحب کو کسی نے حضرت مسیح موعود کی تالیف "براہین احمدیہ" پہنچا دی، اور اُس کے مُطالعہ سے آپ کی ذہنی اور قلبی کیفیت یکسر تبدیل ہو گئی اور اسلام کی صداقت پر اُن کا ایمان دوبارہ مضبوط ہو گیا، اور وہ شخص جو عیسائیت کا شکار ہو چکا تھا، خدا کی قدرت سے بچا لیا گیا اور نہ صرف یہ کہ وہ بچ گیا، بلکہ وہ اللہ تعالےٰ کے فضل اور مسیح موعود کے انفاسِ قدسی کی برکت سے کاسر صلیب اور اسلام کا بہت بڑا پہلوان ثابت ہوا حضرت خواجہ صاحب مرحوم بی اے پاس کرنے کے بعد اسلامیہ کالج لاہور میں پروفیسر ہو گئے اور حضرت مرزا صاحب کے بھی قریب ہونے لگے اور ۱۸۹۳ء میں آپ حضرت اقدس کی بیعت میں داخل ہوئے۔ بیعت سے قبل امرتسر کے سٹیشن پر حضرت اقدس سے آپ کی ملاقات ہوئی اور حضرت نے خلاف معمول خواجہ صاحب مرحوم کو اپنے سینے سے لگایا اور اسکے بعد آپ سے بیعت لی۔ اس لذت اور کیفیت کو حضرت خواجہ صاحب عمر بھر یاد کرتے رہے کہ انھیں کس قدر ٹھنڈک اور سکون و راحت نصیب ہوئی تھی،

چند سال بعد حضرت خواجہ صاحب نے وکالت کا امتحان پاس کیا اور پشاور میں پریکٹس شروع کر دی اور وقتاً فوقتاً حضرت اقدس کی خدمت میں بھی آپ حاضر ہوتے رہے جس کے لئے حضرت اقدس نے خصوصیت سے آپ کو تاکید فرمائی تھی اور یہ بھی فرمایا تھا کہ ممکن ہے آپ کو تبلیغ دین کے لئے ملک سے باہر جانا پڑے اسلئے آپ کثرت سے میرے پاس آیا کریں۔ حضرت مسیح موعود کے مقدمات اور عدالتی کارروائی بھی خواجہ صاحب مرحوم کے ہی سپرد تھی۔ اور

مولوی کرم دین کا مقدمہ جب طول کھینچ گیا تو حضرت خواجہ صاحب پشاور میں اپنی پریکٹس چھوڑ کر قادیان آگئے اور اختتام مقدمہ تک حضرت اقدس کی خدمت میں حاضر رہے اور اپنے اہل و عیال کی تکلیف اور مالی نقصان کی آپ نے کوئی پرواہ نہ کی۔ سنہ ۱۹۰۶ء میں جب حضرت مسیح موعود نے صدر انجمن احمدیہ کی بنا ڈالی تو خواجہ صاحب مرحوم بھی اُن چودہ ممبروں میں سے تھے اور انجمن کا مشیر قانونی بھی آپ کو نامزد کیا گیا۔ خواجہ صاحب مرحوم کو اللہ تعالیٰ نے وکالت میں بڑی کامیابی عطا کی اور تقریر و تحریر کا ملکہ بھی عطا فرمایا۔ حضرت اقدس نے ایک الہام کی رو سے آپ کو "حسنِ بیان" کا خطاب عطا کیا اور خواجہ صاحب بجا طور پر اس کے مصداق ثابت ہوئے۔ سنہ ۱۹۱۲ء میں ایک مقدمہ کے سلسلہ میں پریوی کونسل میں اپیل دائر کرنے کی غرض سے آپ انگلستان تشریف لے گئے جہاں چند ماہ آپ کو قیام کرنا پڑا۔ اسی دوران آپ کو ووکنگ کے علاقہ میں ایک مسجد کی موجودگی کا علم ہوا اور آپ نے ڈاکٹر لائٹنر کے ورثا سے مسجد کا قبضہ حاصل کیا۔ اور اللہ تعالیٰ کا نام لیکر اور حضرت مولینا نورالدین صاحب سے اجازت حاصل کرکے ووکنگ مسلم مشن کی ابتدا کر دی۔

یہ دیار مغرب میں اشاعت اسلام کا پہلا مرکز تھا۔ اور حضرت مسیح موعود کے اُس کشف کی عملی تعبیر تھی جو سنہ ۱۸۹۱ء میں آپ نے "ازالہ اوہام" میں رقم فرمایا کہ وہ شہر لندن میں ایک ممبر پر کھڑے ہیں اور انگریزی زبان میں اسلام کی صداقت پر ایک مدلل تقریر فرما رہے ہیں اور اسکے بعد آپ نے بہت سے سفید پرندے پکڑے ہیں۔ یہ کشف آپ کے مخلص مرید حضرت خواجہ کمال الدین صاحب کی مساعی سے پورا ہوا جنھوں نے کئی انگریز مرد وزن کو حلقہ بگوش اسلام کیا۔ اس مشن کے قیام پر ابھی تھوڑا عرصہ ہی گذرا تھا کہ سنہ ۱۹۱۳ء میں ایک مقتدر انگریز لارڈ ہیڈلے الفاروق نے آپ کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا۔ اور اس کے بعد تعلیم یافتہ اور فہمیدہ طبقہ کی اسلام کی طرف توجہ ہوگئی اور بہت سے باوقار اور معزز اور عالم فاضل انگریز، سر عبداللہ آرچی بالڈ ہملٹن، مسٹر حبیب اللہ لوگر ووا اور مسٹر مارماڈیوک پکتھال وغیرہم خواجہ صاحب کے ہاتھ پر مسلمان ہوئے۔ اسی دوران میں ووکنگ مشن سے ایک ماہوار رسالہ "اسلامک ریویو" بھی شائع ہونے لگا۔ جو تبلیغی اغراض میں بہت مددگار ہوا۔ حضرت خواجہ صاحب کی مساعی سے ووکنگ مشن کو اللہ تعالیٰ نے بہت مقبولیت عطا فرمائی اور خواجہ صاحب نے ہندوستان کے بڑے بڑے شہروں اور افریقہ و دیگر ممالک کا دورہ کیا اور مشن کیلئے بہت سی مالی امداد فراہم کی۔ سنہ ۱۹۲۸ء میں لارڈ ہیڈلے نے بھی لاہور، پشاور، اور دیگر شہروں کا دورہ کیا۔ اور ان کی آمد سے مسلمانوں میں ایک عجیب ولولہ پیدا ہوا۔

حضرت خواجہ صاحب نے اسلام کی صداقت پر اور عیسائیت کے رد میں بڑی بلند پایہ تصانیف بھی شائع کیں جن میں "ینابیع المسیحیت"، "انجیل عمل"، "ہستی باری تعالیٰ"، "آئیڈیل پرافٹ"، "ٹورڈز اسلام" اور چند دیگر کتب بالخصوص قابل ذکر ہیں۔ طویل دوروں اور مشن کیلئے مسلسل محنت سے حضرت خواجہ صاحب کی صحت بہت متاثر ہوئی اور سنہ ۱۹۲۶ء سے آپ مسلسل بیمار رہنے لگے۔ لیکن اس بیماری کے عالم میں بھی آپ تصنیف کا کام کرتے رہے اور مشن کے مسائل کی طرف بھی توجہ دیتے رہے بالآخر یہ طویل بیماری جان لیوا ثابت ہوئی۔ اور ۲۸ دسمبر سنہ ۱۹۳۲ء کو باسٹھ سال کی عمر میں آپ نے وفات پائی۔

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ○

حضرت ڈاکٹر مرزا یعقوب بیگ صاحب مرحوم

ڈاکٹر مرزا یعقوب بیگ صاحب مرحوم و مغفور ۱۶ اپریل ۱۸۷۲ء کو کلانور (ضلع گورداسپور) کے ایک قدیمی معزز خاندان میں پیدا ہوئے میٹرک تک آپنے لاہور میں تعلیم پائی اور پھر میڈیکل کالج لاہور میں داخل ہوئے۔ بیس سال کی عمر میں آپنے ۵ فروری ۱۸۹۲ء کو حضرت مسیح موعودؑ کی بیعت کی جبکہ آپ میڈیکل کالج میں سال اوّل کے طالبعلم تھے، اور دوسرے روز آپکے چھوٹے بھائی مرزا ایوب بیگ صاحب مرحوم جو ابھی سکول کے طالبعلم تھے حضرت اقدس کی بیعت میں داخل ہوئے۔ بیعت کے بعد دونوں بھائیوں میں جو غیر معمولی تبدیلی آئی اُسے دیکھ کر ان کے والد بزرگوار مرزا نیاز بیگ صاحب رئیس کلانور بھی جو اُس وقت سرکاری ملازمت میں تھے ۱۸۹۳ء میں حضرت امام زمان کی بیعت میں داخل ہوگئے۔ مرزا یعقوب بیگ صاحب فرمایا کرتے تھے کہ حضرت اقدس سے بیعت کرنے کے بعد نہ صرف نمازوں کی پابندی، نوافل کی ادائیگی اور قرآن مجید کی تلاوت میں باقاعدگی ہوئی بلکہ اپنی تعلیم میں بھی انھیں بہت ترقی محسوس ہوئی وہ ہر سال وظیفہ حاصل کرتے رہے اور آخری سال ایل ایم ایس کے امتحان میں اوّل آئے اور ہاؤس سرجن مقرر ہوئے۔

زمانہ طالبعلمی میں وہ نوجوانوں کی تبلیغی اور اصلاحی جماعتوں کے پُرجوش ممبر تھے اور مذہبی تبلیغ اور مسلمانوں میں سماجی برائیوں کے انسداد کیلئے بہت سعی فرماتے تھے۔ آپنے ہی سیرۃ النبیؐ کے جلسوں کی ابتدا کی تھی جو خدا کے فضل سے اب ایک مستقل مذہبی تیوہار بن چکے ہیں ——— مرزا یعقوب بیگ صاحب مرحوم نے سرکاری ملازمت میں اور پرائیویٹ پریکٹس میں بھی نہایت اعلیٰ نمونہ پیش کیا۔ اور اپنی فنی مہارت کے علاوہ اپنی نیکی، دیانتداری، ہمدرد طبیعت اور جذبہ خدمت خلق سے ہر کس و ناکس کو متاثر کیا اور ہندو، مسلم، سکھ، عیسائی ہر مذہب و ملت کے لوگ آپکے اخلاق حسنہ کے گرویدہ ہوئے۔ جماعت احمدیہ سے بالخصوص آپ بہت مروت اور حُسن سلوک سے پیش آتے تھے۔ ان دونوں بھائیوں کو جماعت میں ایک خصوصی مقام حاصل تھا اور حضرت مسیح موعودؑ انھیں بہت عزیز جانتے تھے اور بیٹوں کی طرح ان سے محبت کرتے تھے۔ مرزا صاحب مرحوم حضرت مسیح موعودؑ اُن کے اہل خانہ اور سارے خاندان کے معالج تھے، اور قومی کاموں کے علاوہ خاندان مسیح موعودؑ کے علاج معالجہ کیلئے بھی اکثر قادیان جایا کرتے تھے اور کم و بیش ہر چھٹی کا دن آپ قادیان میں گذارا کرتے تھے۔ حضرت مولینا نورالدین صاحب کے زمانہ میں بھی آپ کا یہی معمول رہا اور مولینا عبدالکریم صاحب کے علاج میں بھی آپ نے کمال نمونہ دکھایا۔

۱۹۱۴ء میں جب احمدیہ انجمن اشاعتِ اسلام لاہور معرضِ وجود میں آئی تو آپ اُس کے پہلے آنریری سیکرٹری مقرر ہوئے۔ آپ اُس وقت میو ہسپتال میں ڈاکٹر اور کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج میں اناٹومی کے لیکچرار تھے، اور آپ نے اپنی مصروفیات کے باوجود اس قومی خدمت کو قبول کیا۔ اور جب ۱۹۱۵ء میں سول سرجن کے عہدہ پر آپ کا تبادلہ لاہور سے باہر ہو گیا تو یہ آپ کے لئے ایک کڑی آزمائش کا وقت تھا۔ ایک طرف شاندار دنیاوی مستقبل اور اونچے عہدوں پر ترقی پانے کا موقعہ اور دوسری طرف فرض کی پکار اور ایک نوزائیدہ کمزور دینی انجمن کو سہارا دینے کی ضرورت، تو ایسے وقت میں آپ نے "دین کو دنیا پر مقدم کرنے" کا کامل نمونہ دکھایا اور سول سرجنی سے استعفیٰ دے کر انجمن کی خدمت کو ترجیح دی اور اپنی پرائیویٹ پریکٹس پر قناعت کی، پریکٹس کے دوران اللہ تعالیٰ نے مال، دولت، عزت، شہرت، مرتبہ سب نعمتیں آپ کو عطا کیں اور آپ کو سرکاری ملازمت ترک کرنے کا کبھی افسوس نہ ہوا۔ انجمن کی خدمت کیلئے اس آنریری منصب کے علاوہ بھی آپ بہت وقت دیتے تھے مختلف شہروں کا دورہ کرنا، مالی استحکام کیلئے روپیہ جمع کرنا اور خود گرانقدر رقوم پیش کرنا اور اپنی جائیداد کا ایک حصہ بھی انجمن کے نام آپ نے وقف کر دیا۔

جماعت احمدیہ کی خدمت کے علاوہ مرزا صاحب مرحوم نے مسلمانوں کی ہر قومی تحریک میں حصہ لیا اور جب بھی مسلمانوں پر کوئی سخت لمحہ آیا تو آپ قومی جذبہ سے سرشار ہو کر خدمت کرنے والوں کی صفِ اوّل میں نظر آئے۔ آپ انجمن حمایت اسلام انجمن اسلامیہ پنجاب، انجمن ترقی تعلیم امرتسر، مسلم ایجوکیشنل کانفرنس علیگڑھ اور ایسی کئی تنظیموں کے رکن تھے۔ میڈیکل پروفیشن کی بھی آپ نے بے نظیر خدمت کی، اور ہزاروں ڈاکٹروں کو فائدہ پہنچایا۔ اور تمام سرکاری وغیر سرکاری تنظیموں کے آپ ممبر تھے، اور حکومت اور عوام دونوں میں بڑی عزت کی نظر سے دیکھے جاتے تھے۔ آپ بیحد مہمان نواز تھے اور اپنی جماعت کے احباب کے علاوہ ہر نومسلم، جماعت میں نیا شامل ہونے والا، اور ممالک اسلامیہ کا سیاح، عرب، ترک، مصری، افغانی، ایرانی سب لوگ مرزا یعقوب بیگ صاحب کے مہمان ہوتے تھے اور آپ اُنکی تواضع سے خوش ہوتے تھے، آپ اپنے زیرِ اثر لوگوں کو جماعت میں شمولیت کی تلقین فرماتے تھے اور بے شمار لوگ آپ کا نمونہ دیکھ کر جماعت میں شامل ہوئے۔ جماعت میں شامل ہونے والوں کی آپ بہت عزت اور قدر کرتے تھے اور قابلِ امداد لوگوں کی آپ خفیہ امداد کرتے تھے۔ ۱۹۲۴ء میں جب شیخ رحمت اللہ صاحب مرحوم نے وفات پائی تو آپ انجمن کے وائس پریذیڈنٹ منتخب ہوئے اور تا دمِ آخر اسی عہدہ پر فائز رہے اور کارِ خیر کا کثیر اندوختہ جمع کر کے آپ ۱۱ر فروری ۱۹۳۶ء کو عالم جاودانی کی طرف رحلت فرما گئے۔ آپ کی وفات پر حضرت مولانا محمد علی صاحب امیر قوم نے فرمایا۔

★ "حضرت مرزا صاحب مرحوم نے جو قربانیاں دی ھیں۔ اُن کا بیان کرنا میری طاقت سے باھر ہے۔ اللہ ھی ان کو جانتا ہے۔ اور دُعا ہے کہ وھی اُنکا اجر اُنھیں دے۔"

اللھم اغفرلہ وارفع درجاتہ

حضرت ڈاکٹر سید محمد حسین شاہ صاحب مرحوم

ڈاکٹر سید محمد حسین شاہ صاحب بھی ان پانچ بانیان جماعت احمدیہ لاہور میں سے تھے جن کا ذکر خیر پہلے آچکا ہے۔

آپ کا وطن مالوف تحصیل شکر گڑھ (حال ضلع سیالکوٹ) کا ایک گاؤں کالی چیچی تھا لیکن آپ کی ولادت ۱۸۷۰ء میں صوبہ سرحد کے ایک قصبہ لکی مروت میں ہوئی جہاں آپ کے والد بزرگوار بہ سلسلہ ملازمت مقیم تھے۔ حضرت شاہ صاحب نے سکاچ مشن ہائی سکول سیالکوٹ میں تعلیم حاصل کی جہاں علامہ سر محمد اقبال آپ کے ہم جماعت تھے اور دونوں کی بچپن کی دوستی آخر عمر تک قائم رہی۔ ۱۸۹۴ء میں شاہ صاحب نے میٹرک پاس کر کے میڈیکل کالج لاہور میں داخلہ لیا اور ۱۸۹۹ء میں ایل ایم ایس کا امتحان پاس کر کے سرکاری ملازمت میں آئے۔ ۱۹۰۱ء یا ۱۹۰۲ء میں حضرت شاہ صاحب پلیگ ڈیوٹی پر ضلع گورداسپور میں متعین تھے جب آپ کے ایک قریبی عزیز سید شاہ امیر صاحب نائب تحصیلدار جو احمدی ہو چکے تھے آپ کو اپنے ہمراہ قادیان لے گئے۔ شاہ صاحب مرحوم حضرت مسیح موعود کی مجلس اور آپ کی طرز بود و باش اور کلام و تخاطب سے بہت متاثر ہوئے۔ آپ کا خیال تھا کہ مرزا صاحب کوئی پیر ہونگے اور وہاں پیروں جیسا جاہ و جلال ہوگا، لیکن جب آپ نے حضرت اقدس کو اس طرح گھل مل کر اپنے ساتھیوں میں بیٹھے دیکھا کہ آپ کو پوچھنا پڑا کہ حضرت مرزا صاحب کون ہیں؟ تو اس امر کا ان کے دل پر گہرا اثر ہوا۔ اسی طرح حضرت صاحب کی گفتگو اور بعض مسائل کے بیان سے حضرت شاہ صاحب بہت متاثر ہوئے اور دوسری مرتبہ خود قادیان گئے اور بیعت کر لی۔

حضرت شاہ صاحب کیلئے جلد ہی اللہ تعالیٰ نے لاہور میں مستقل ملازمت کا انتظام کر دیا، اور آپ اور ڈاکٹر مرزا یعقوب بیگ صاحب لاہور کے چوٹی کے ڈاکٹروں میں شمار ہونے لگے اور وسیع پیمانہ پر آپکی پریکٹس چلنے لگی۔ لیکن ہر ہفتہ کی شام کو آپ حضرت مرزا صاحب اور شیخ رحمت اللہ صاحب کے ہمراہ قادیان حضرت اقدس کی خدمت میں حاضر ہوتے اور اتوار کا دن وہاں گزار کر رات کو واپس لاہور آجایا کرتے۔ حضرت مسیح موعود کے نامزد کردہ چودہ ممبران مجلس معتمدین میں حضرت شاہ صاحب بھی شامل تھے اور یہ صدر انجمن احمدیہ قادیان کے کاروبار میں بڑی دلچسپی لیتے رہے۔ جب احمدیہ انجمن اشاعت اسلام لاہور ۱۹۱۴ء میں قائم ہوئی تو حضرت شاہ صاحب اس کے محاسب منتخب ہوئے اور سالہا سال تک آپ آنریری طور پر یہ خدمت بجا لاتے رہے۔ انجمن کے ابتدائی ایام میں آپ نے اپنا وقت اپنا مال اپنی توجہ اور محنت اس انجمن کی مضبوطی پر صرف کی اور آپ نے ایک مکان حضرت امیر قوم کی رہائش کیلئے پیش کیا۔

اور مرزا یعقوب بیگ صاحب مرحوم نے دفاتر انجمن کیلئے مکان پیش کیا۔ اور پھر دونوں نے یہ مکانات انجمن کے نام ہبہ کر دیئے حضرت شاہ صاحب مرحوم اپنی پریکٹس میں وصول شدہ فیس کا تیسرا حصہ انجمن کو بطور چندہ دیا کرتے تھے اور اس غرض کیلئے آپنے گھر میں دو تھیلیاں مختلف رنگوں کی رکھی ہوئی تھیں، ایک انجمن کیلئے اور ایک گھر کی ضروریات کیلئے۔ اس ماہوار عطیہ کے علاوہ قومی ضروریات کیلئے آپ خطیر رقمیں پیش کرتے رہے اور اللہ تعالیٰ نے آپکے اموال میں بڑی برکت دی۔ قادیان میں ہائی سکول کے قریب جو مسجد ۱۹۰۸ئہ میں تعمیر ہوئی۔ اور "مسجد نور" کے نام سے موسوم ہوئی۔ اس کے اخراجات تعمیر حضرت شاہ صاحب نے ادا کئے۔ اسی طرح احمدیہ بلڈنگس لاہور میں احمدیہ مسجد جو ۱۹۱۰ئہ میں تعمیر ہوئی اسکے اخراجات بھی شاہ صاحب مرحوم نے ادا کئے۔ جب آپ مسلم ٹاؤن میں تشریف لے آئے تو مسلم ٹاؤن میں بھی ایک وسیع مسجد اور ایک کنواں آپنے تعمیر کرایا، اور مؤذن کیلئے مکان بھی بنوایا اور یہ سب انجمن کے حوالہ کر دیا۔ آپ مسلم ٹاؤن میں احمدی احباب کی ایک بستی بسانا چاہتے تھے لیکن صرف چند احباب نے یہاں مکانات تعمیر کئے اور باقی شہر میں رہائش کے فوائد کے پیش نظر یہاں نہ آئے اور آج قریباً نصف صدی کے بعد پھر "دارالسلام" میں بستی آباد ہو رہی ہے۔

حضرت شاہ صاحب کو رفاہ عام کے کاموں سے بڑی دلچسپی تھی۔ مسلمانوں میں بوجہ غربت و افلاس ماندگی تپ دق کا موذی مرض بہت پھیل رہا تھا اور اُن کا اپنا کوئی سینی ٹوریم نہ تھا۔ اور ہندوؤں کے ہسپتالوں میں انھیں جگہ نہ ملتی تھی۔ اس وقت کے پیش نظر کوہ مری کے قریب سامالی کے مقام پر پانچ ہزار فٹ کی بلندی پر ایک قطعہ زمین ۲½ صد کنال کا حضرت شاہ صاحب نے حاصل کیا۔ اور وہاں محمد حسین سینی ٹوریم قائم کیا جو اس وقت بڈکراس کی زیر نگرانی چل رہا ہے۔ اور ہزاروں بندگان خدا کی زندگی بچانے کا موجب ہوا ہے۔ حضرت شاہ صاحب نے اپنی بہت سی قیمتی جائیداد انجمن کے نام وقف کر دی جس میں آپکی بیگم صاحبہ اور آپ کی اولاد کی رضامندی بھی شامل تھی، مرکز احمدیہ بلڈنگس میں احمدیہ مارکیٹ، مہمان خانہ احمدیہ اور احمدیہ ہال جس عمارت کا حصہ ہیں یہ حضرت شاہ صاحب کی ہبہ کردہ تھی جسے انجمن نے از سر نو تعمیر کرایا۔ ریاست بہاولپور میں ایک مربع زمین آپ نے انجمن کے نام ہبہ کر دی تھی، سامالی سینی ٹوریم میں رہائشی مکان اور ۲۵ کنال زمین بھی انجمن کے نام وقف کر دی۔ بھوپال میں آباد کاری پر زمین لی تو اس میں بھی کئی ہزار ایکڑ انجمن کے لئے تجویز کی، ہالینڈ میں جب شروع شروع میں مشن قائم ہوا۔ اور مرزا ولی احمد بیگ صاحب مرحوم نے اس کی ابتدا کی تو اس مشن کا پورا خرچ حضرت شاہ صاحب مرحوم نے اپنے ذمہ لیا۔ اچھوتوں میں تبلیغ پر شاہ صاحب مرحوم نے بہت روپیہ صرف کیا۔ اور نو مسلمین کی بہت حوصلہ افزائی کی۔

اپنے خاندان کے افراد کے علاوہ آپ نے بہت سے یتامیٰ اور مساکین کی پرورش کی اور انھیں تعلیم دلا کر روزگار پر لگایا۔ شاہ صاحب مرحوم و مغفور عالی ظرف، خوش اخلاق، مہمان نواز اور دین کے لئے بڑی غیرت رکھنے والے انسان تھے اور شب و روز اپنا وقت خدا کے دین کی نصرت اور مخلوقِ خدا کی بھلائی کے لئے صرف کرتے تھے۔ آپنے ۲۶ اپریل ۱۹۳۹ئہ کو وفات پائی۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَہٗ وَارْحَمْہُ ○

حضرت شیخ رحمت اللہ صاحب مرحوم

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ التاجر الصدوق الامین یبعث مع الانبیاء یعنی راستباز اور امانت و دیانت دار تاجر قیامت کے دن انبیاء کے ساتھ اٹھایا جائے گا۔ یہ بہت بڑی بشارت ہے جس کے مصداق ہر زمانہ میں پیدا ہوتے رہے ہیں۔ اور حضرت امام زمان کے متبعین میں سے بھی ایسے لوگ ہوئے ہیں جن میں سے ایک حضرت شیخ رحمت اللہ صاحب مرحوم ومغفور تھے۔ اللہ تعالیٰ نے انھیں امام وقت کو ان کے ابتدائے دعویٰ سے ہی شناخت کرنے کی توفیق عنایت فرمائی اور وہ السابقون الاولون میں شمار ہوئے۔ شیخ صاحب موصوف گجرات کے ایک معزز قانونگو خاندان سے تعلق رکھتے تھے اور ابتدا میں کچھ عرصہ سرکاری ملازمت کرنے کے بعد آپ نے لاہور کے انارکلی بازار میں ایک چھوٹی سی دکان کھولی جس میں اللہ تعالیٰ نے بہت برکت دی اور وہ ترقی کرتے ہوئے "بمبئی ہاؤس" کے نام سے موسوم ہوئی۔ اللہ تعالیٰ کے مسلسل افضال کے تحت چند سال میں مزید ترقی ہوئی اور حضرت شیخ صاحب نے مال روڈ لاہور پر ایک کوٹھی کرایہ پر لی۔ اور "انگلش ویر ہاؤس" کے نام سے اس میں دکان منتقل کرلی۔ اور چند سال بعد اسی سڑک پر اپنی عمارت تعمیر کرلی جس کا سنگ بنیاد رکھنے کا حضرت مسیح موعود نے وعدہ فرمایا تھا لیکن آپ کی زندگی میں ایسا نہ ہو سکا۔ اور حضرت مولانا نورالدین صاحب نے ۱۹۱۲ء میں اس نئی عمارت کا سنگ بنیاد رکھا، اور کثیر جماعت کے ساتھ بہت لمبی دعا فرمائی۔

شیخ رحمت اللہ صاحب مرحوم اپنی تجارت کے سلسلہ میں قریباً ہر سال انگلستان تشریف لے جاتے تھے اور اللہ تعالیٰ نے انھیں بہت فروغ عطا فرمایا۔ اور روحانی طور پر بھی امام زمان نے ان کے بارہ میں جو پیش گوئی کی تھی کہ "شیخ رحمت اللہ جوان، صالح، یک رنگ آدمی ہے۔ ان میں فطری طور پر مادۂ اطاعت، اخلاص اور حسن ظن اس قدر ہے جس کی برکت سے وہ بہت سی ترقیات اس راہ میں کر سکتے ہیں" صحیح ثابت ہوئی اور شیخ صاحب موصوف نے بہت سے روحانی مدارج طے کئے۔

حضرت شیخ صاحب کو اللہ تعالیٰ نے دنیوی امور میں بھی بڑی لیاقت عطا فرمائی تھی۔ اور وہ اپنی فراست اور دانائی سے جلد بات کی تہ کو پہنچ جاتے تھے، اور نہایت پیچیدہ معاملات کو خوش اسلوبی سے سلجھا دیتے تھے، اس

کے ساتھ ہی آپ کا زہد و تقویٰ اس درجہ بڑھا ہوا تھا کہ رنج و راحت اور عسر و یسر میں کبھی آپ خدا تعالیٰ کی یاد سے غافل نہیں ہوئے۔ نمازوں کی پابندی کے علاوہ نوافل بھی آپ کثرت سے ادا کرتے تھے اور نماز تہجد کے علاوہ اشراق بھی باقاعدگی سے پڑھتے تھے اور اشراق کے نوافل کی ادائیگی کے بعد دکان کھولتے تھے۔ اللہ تعالیٰ پر آپ کو اس قدر ایمان تھا کہ باوجود امارت اور فارغ خاطری کے آپ خداوند تعالیٰ کے ذکر سے کبھی غافل نہیں ہوئے۔

حضرت مسیح موعودؑ نے جب صدر انجمن احمدیہ قادیان کی بناڈالی تو چودہ معتمدین انجمن میں شیخ رحمت اللہ صاحب مرحوم کو بھی نامزد فرمایا، اور آپ نے سلسلہ احمدیہ کی گرانقدر خدمات سرانجام دیں۔ آپ کے اموال سے جماعت کو کئی رنگ میں بہت فائدہ پہنچا، اور آپ نے ہمیشہ انشراح صدر سے روپیہ صرف کیا۔

۱۹۰۳ء میں حضرت اقدس نے قادیان میں "بیت الدعا" تعمیر کرایا۔ اور اسکے تمام اخراجات حضرت شیخ صاحب نے ادا کئے۔ جب کوئی خصوصی ضرورت پیش آئی، تو شیخ صاحب اس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے اور بارہا آپ نے ہزار روپیہ تک بھی چندہ پیش کیا۔ اور معمول کے مطابق یکصد روپیہ ماہوار چندہ دیتے تھے۔ اور حضرت اقدس کی خدمت میں نئے پارچات بنوا کر سال میں دو تین مرتبہ پیش کرتے تھے اور حضرت مولانا نورالدین صاحب کے زمانہ میں بھی انفاق فی سبیل اللہ کا سلسلہ جاری رہا۔

جب ۱۹۱۴ء میں احمدیہ انجمن اشاعت اسلام لاہور قائم ہوئی۔ تو آپ اُس کے وائس پریذیڈنٹ منتخب ہوئے اور دس سال تک آپ نے اس نوزائیدہ انجمن اشاعت اسلام کی بڑی توجہ اور خلوص محبت سے خدمت کی۔ اور دل کھول کر مالی امداد دیتے رہے۔ آپ نے اگست ۱۹۲۴ء میں وفات پائی۔

اپنی وفات سے قبل جب آپ نے وصیت لکھوائی، تو ورثا کے حصہ شرعی کے علاوہ انجمن کے لئے بھی ایک حصہ جائیداد وقف فرمایا۔ اور اپنی اولاد کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا:۔

★ "میں نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ تجارت کی تھی۔ جس سے مجھے بہت فائدہ حاصل ہوا ہے۔ تم بھی خدا کے ساتھ تجارت کرو، تمہیں بھی فائدہ ہوگا۔"

دیگر احباب و مخلصینِ جماعت کا تذکرہ

بانیانِ جماعت کے ذکرِ خیر کے بعد دیگر احبابِ جماعت کا ذکر بھی ضروری ہے جنھوں نے بڑے اخلاص کیساتھ عمر بھر اس انجمن کی خدمت کی، اور اپنے اموال خدا کی راہ میں صرف کئے اور ما الموٴمن اللہ سے کیا ہُوا عہد خوب نبھایا۔ قلّت گنجائش انکے تفصیلی حالات رقم کرنیکی اجازت نہیں دیتی۔ لیکن اس سے یہ تاثر نہ لیا جائے کہ انھیں کم اہمیت دی گئی ہے۔ ایسا ہرگز نہیں، خدا کے نزدیک بھی ان مخلصین کا بڑا درجہ ہے اور ہمارے قلوب میں بھی انکی بیحد وقعت ہے، جن پانچ بزرگوں کا حال کسی قدر تفصیل سے لکھا گیا ہے۔ یہ ان معطی حضرات کی فرمائش کی تعمیل ہے جنھوں نے اس کتابچہ کے صفحات عطیہ دیکر خرید لیے ہیں، اور باقی مواد انجمن کی طرف سے رقم کیا گیا ہے، اور جیسا کہ عرض کیا گیا ہے ان دیگر مخلصین کے اسمائے گرامی نیچے درج کرکے تمام دوستوں اور جملہ قارئین سے درخواست ہے کہ ان بزرگوں کو بھی اپنی دُعاؤں میں یاد رکھیں اور ان کیلئے ترقی درجات اور رحمتِ ایزدی کی دُعا کریں ——— اس سلسلہ کی تاریخ سے واقف حضرات بخوبی جانتے ہیں کہ کس بے سروسامانی اور ناموافق حالات میں جماعت لاہور کی بنیاد رکھی گئی۔ ہمارے ان چند زعماء کا کمال حوصلہ تھا جو اتنا بنا بنایا سلسلہ اور جائیداد و املاک سب کچھ قادیان میں چھوڑ کر خالی ہاتھ لاہور آگئے اور یہاں آکر بھی نہ عدالت کا رُخ کیا اور نہ کوئی پنچایت بٹھائی بلکہ صرف اللہ تعالےٰ کے بھروسہ پر اس مقصد کو پورا کرنیکی طرف توجہ دی جسکی خاطر ان لوگوں نے اپنی زندگیاں وقف کی تھیں اور جس کے لئے عظیم قربانی اور ایثار کو اپنا شعار بنایا تھا۔ اور وہ مقصد تھا حضرت مسیح موعودؑ کے مشن کو پورا کرنا یعنی غلبۂ اسلام، کسرِ صلیب، اور مغرب سے طلوعِ آفتاب کے وعدوں کے پورا ہونے کا سامان کرنا۔ نیز اسلام کے مسلمات میں جو رخنہ اندازی کی گئی اس کا سدباب کرنا یعنی عقیدۂ اجرائے نبوت اور حضرت اقدس کے نبی ہونیکی تردید اور آپکے نہ ماننے والوں کی تکفیر کا ردّ۔ انہی مقاصد کی خاطر جماعت لاہور وجود میں آئی تھی اور ان عقائد کی خاطر قادیان سے علیحدگی ہمارے بزرگوں کا یقیناً بڑا جرأت مندانہ اور دلاورانہ اقدام تھا جس کی اسلامی تاریخ میں بہت کم مثالیں نظر آتی ہیں۔ اور یہ چند بزرگ آئیندہ نسلوں کے تشکّر و امتنان اور دلی دُعاؤں کے مستحق ہیں جن کی بدولت آج ہم جادۂ مستقیم پر قائم ہیں۔ فجزاھم اللہ احسن الجزاء ○

واقعات کی ترتیب کے مطابق ۳ مئی ۱۹۱۴ء کو احمدیہ انجمن اشاعت اسلام لاہور کا باقاعدہ قیام عمل میں آیا۔ انجمن کے قواعد پیش ہوکر پاس ہوئے اور جماعت کی مجلس معتمدین کا پہلا اجلاس ہُوا۔ کل ۵۹ ممبران مجلس معتمدین چُنے گئے جن میں سے چودہ ممبر دوامی ممبر تھے۔ حضرت مولانا محمد علی صاحب کو امیر قوم اور پریذیڈنٹ منتخب کیا گیا۔ ڈاکٹر مرزا یعقوب بیگ صاحب کو سیکرٹری اور ڈاکٹر سید محمد حسین شاہ صاحب کو فنانشل سیکرٹری منتخب کیا گیا۔ یہ چودہ ممبر غالباً حضرت مسیح موعودؑ کے تتبع میں دوامی رنگ میں چُنے گئے کہ یہ ہمیشہ انجمن کے رُکن رہیں۔ پس سب سے اوّل یہی چودہ ارکان اور ۵۹ معتمدین قابلِ ذکر ہیں، لیکن ان کی فہرست درج کرنیکی بجائے ایک اس سے بڑی فہرست قابلِ اندراج نظر آتی ہے جس میں یہ چودہ دوامی ارکان بھی موجود ہیں، ۵۹ معتمدین بھی موجود ہیں اور اُن کے علاوہ بھی جماعت کے چند مخلص اور متقی احباب شامل ہیں اور یہ فہرست ستّر اصحاب پر مشتمل ہے جنھوں نے اللہ تعالیٰ کی حلف اٹھا کر اس امر کا اعلان کیا کہ حضرت مرزا صاحب کی طرف دعویٰ نبوت منسوب کرنا

محض افترا ہے کیونکہ آپ نبوت کو آنحضرت صلعم پر ختم سمجھتے تھے اور آپ کیلئے جو نبی کا لفظ آیا ہے اس سے مراد فی الحقیقت نبی نہیں بلکہ مجازی یا جزوی ظلی نبی ہے جسے محدث کہا جاتا ہے نیز انھوں نے حلفاً شہادت دی کہ وہ ۱۹۰۱ء سے پہلے کے بیعت شدہ ہیں اور مرزا محمود احمد صاحب کا یہ اعلان کہ حضرت مرزا صاحب کا دعویٰ ابتدا میں نبوت کا نہ تھا مگر نومبر ۱۹۰۱ء میں آپ نے اپنا دعویٰ تبدیل کرلیا، واقعات اور حقیقت کے بالکل خلاف ہے، اور ان حلف لینے والوں کے وہم و گمان میں بھی کبھی یہ بات نہیں آئی کہ ۱۹۰۱ء میں حضرت مسیح موعود نے اپنے دعویٰ میں تبدیلی کی تھی یا آپکی سابقہ تحریریں جو انکارِ دعویٰ نبوت سے بھری پڑی ہیں منسوخ ہوگئیں ——— ستر بزرگوں کی یہ حلفی شہادت حضرت اقدس کی صداقت اور جماعت لاہور کی صداقت کا ناقابلِ تردید ثبوت ہے کیونکہ اظہار حق کیلئے حلف سے اوپر اور کوئی چیز نہیں اور اس حلف کی آجتک تردید نہیں ہوسکی، اس حلف کی اشاعت کیساتھ ہی حضرت مولینا محمد علی صاحب اور حضرت خواجہ کمال الدین صاحب نے مرزا محمود احمد صاحب کو چیلنج پر چیلنج دیئے کہ وہ بھی حضرت اقدس کے ان اصحاب سے جنھوں نے ۱۹۰۱ء سے پہلے بیعت کی ہو یہ شہادت دلوائیں کہ وہ حضرت کو ۱۹۰۱ء سے پہلے تو مجدد مانتے تھے مگر ۱۹۰۱ء میں حضرت صاحب نے اپنے عقیدہ دربارہ نبوت میں تبدیلی کرلی اور اسکے بعد وہ انکو نبی ماننے لگے۔ جب پے در پے چیلنج کا کوئی جواب نہ آیا تو لاہور سے یہ مطالبہ کیا گیا کہ ستر آدمیوں کی حلفیہ شہادت اگر ممکن نہیں تو صرف ایک حلفیہ شہادت ہی پیش کریں تو اسکے جواب میں اخبار "الفضل" مورخہ ۲۰ جولائی ۱۹۱۵ء میں ذیل کا اعلان شائع ہوا۔ "ہمارے احباب خواجہ صاحب کو فرداً فرداً جواب نہ دیں جو حلفیہ شہادتیں خواجہ صاحب نے طلب کی ہیں، انکی نسبت جدا جدا طبع آزمائی کی ضرورت نہیں، سلسلہ عالیہ کے مرکز اور مقامِ خلافت سے ہی سب کا یکجا جواب ہوجائیگا" لیکن اس کا آجتک جواب نہیں آیا۔ اور گذشتہ چھیاسٹھ سال میں کسی ایک شخص نے بھی حلفیہ شہادت نہیں دی کہ حضرت صاحب نے اپنے دعویٰ میں تبدیلی کی تھی۔ نہ انفرادی طور پر جواب آیا اور نہ مقام خلافت سے جواب آیا ——— * ذیل میں اُن ستر اصحاب کے اسماء گرامی درج کئے جاتے ہیں:۔

دستخط:۔ (۱) مولوی سید محمد احسن امروہی (۲) مولوی محمد عبداللہ خان پٹیالوی (۳) مولوی محمد مبارک علی سیالکوٹی (۴) مولوی غلام حسن سب رجسٹرار پشاور (۵) مولوی حکیم مرزا خدا بخش صاحب (مصنف عسل مصفیٰ) (۶) مولوی محمد علی لاہور (۷) مولوی محمد یحییٰ دیگ ال (۸) شیخ رحمت اللہ تاجر لاہور (۹) مولوی محمد یعقوب دیگراں (۱۰) ڈاکٹر مرزا یعقوب بیگ لاہور (۱۱) شیخ ضیاء اللہ سابق ہیڈ ماسٹر مدرسہ تعلیم الاسلام قادیان (۱۲) مولوی محمد حسن قریشی تلعدار (۱۳) بابا ہدایت اللہ شاعر پنجابی لاہور (۱۴) میاں نبی بخش گورنمنٹ پنشنر لاہور (۱۵) مرزا جمال الدین خوشنویس (۱۶) شیخ دین محمد لاہور (۱۷) ماسٹر فقیر اللہ لاہور (۱۸) ڈاکٹر نبی بخش بھاٹی دروازہ لاہور (۱۹) حافظ فضل احمد حال مدد ملہی (۲۰) حافظ غلام رسول سوداگر وزیر آباد (۲۱) چوہدری غلام حسن سابق سٹیشن ماسٹر ساکن لویری (۲۲) شیخ غلام حسین صدیقی احمدی سیالکوٹی (۲۳) شیخ محمد جان وزیر آباد (۲۴) شیخ عبدالرحمٰن وزیر آباد (۲۵) مولوی عزیز بخش بی اے ڈیرہ غازیخان (۲۶) ولی محمد مثل خوان ڈیرہ غازیخان (۲۷) ماسٹر غلام محمد بی اے ہیڈ ماسٹر راولپنڈی (۲۸) حکیم سردار خان برادر حکیم شاہنواز خان مرحوم راولپنڈی (۲۹) سیٹھ احمد الدین سابق میونسپل کمشنر جہلم (۳۰) شیخ قمر الدین سوداگر چشمہ جہلم (۳۱) مستری عبدالستار جہلم (۳۲) شیخ غلام محی الدین اپیل نویس جہلم (۳۳) مولوی محمد ابراہیم امام مسجد جہلم (۳۴) ڈاکٹر حیات محمد خان ساز راولپنڈی (۳۵) بابو اللہ بخش آفیسر منشی جہلم (۳۶) بابو عبدالحق کلرک دفتر نہر جہلم (۳۷) عبدالستار جہلم (۳۸) مستری یعقوب علی جموں (۳۹) ماسٹر محمد رمضان جموں (۴۰) ملک شیر محمد خان بی آر سول اسسٹنٹ جموں (۴۱) مفتی فضل احمد جموں (۴۲) مستری شہاب الدین جموں (۴۳) محمد شاہ جموں (۴۴) نواب خان اہلمد جموں (۴۵) سید مسعود شاہ مدرس جموں (۴۶) مستری نظام الدین جموں (۴۷) سید امیر علی شاہ پنشنر سب انسپکٹر (۴۸) شیخ ہدایت اللہ پشاور (۴۹) میاں محمد مکی پشاور (۵۰) سید لعل شاہ قریشی پشاور (۵۱) شیخ فضل کریم پشاور (۵۲) رمضان علی پشاور (۵۳) منشی نواب خان سب انسپکٹر پولیس گوجرانوالہ (۵۴) شیخ مولا بخش سیالکوٹ (۵۵) حکیم شمس الدین سیالکوٹ (۵۶) میاں نور سیالکوٹ (۵۷) اللہ دین سیالکوٹ (۵۸) شیخ محمد جان سوداگر سیالکوٹ چھاؤنی (۵۹) بابو عطا محمد اوورسیر سیالکوٹ (۶۰) مرزا حاکم بیگ سیالکوٹ (۶۱) مستری محمد اکبر ٹھیکیدار سیالکوٹ (۶۲) مستری عبداللہ سیالکوٹ (۶۳) حاجی فضل دین سیالکوٹ (۶۴) سید احمد علی کورٹ انسپکٹر (۶۵) ڈاکٹر حسن علی (۶۶) محمد سرفراز خان نمبردار مدد ملہی (۶۷) محمد الدین سیالکوٹ [illegible] لاہور۔

حضرت اقدس کا کشف لندن میں سفید پرندے پکڑنے سے متعلق:

یورپ میں تبلیغ اسلام کیلئے امام وقت کے دو فتح نصیب جرنیل

حضرت خواجہ کمال الدین رحمۃ اللہ علیہ

امام وقت کا بیباک نڈر اور شعلہ بیان سپاہی

جنھوں نے ووکنگ مسلم مشن کی بنیاد رکھی اور بیس سال تک تبلیغ اسلام کیلئے شب و روز کام کرکے بہت سے انگریزوں کو مشرف بہ اسلام کیا۔ اور دینی مسائل پر صحت مند لٹریچر پیدا کرکے مسیح وقت کے علم کلام کو دنیا کے کناروں تک پہنچایا۔

چند شہرہ آفاق تصانیف:- (۱) نبوت کا ظہور اتم (۲) ینابیع المسیحیت (۳) سیر افکار (۴) مطالعۂ اسلام (۵) اسوۂ حسنہ (۶) سیرت نبویؐ (۷) اسلام یا مذہب محبت (۸) پیام اسلام (۹) مسیح کی الوہیت (۱۰) خطبات غوریہ ہر شش حصص (۱۱) اسلامی نماز کا فلسفہ (۱۲) پادری صاحبان کیلئے حل طلب معمہ (۱۳) تناسخ (۱۴) تفسیر سورۃ فاتحہ (۱۵) جہد للبقاء

حضرت مولانا صدر الدین صاحب

حضرت مولانا صدر الدین صاحب

امیر جماعت احمدیہ ایدہ اللہ تعالیٰ۔ جنھوں نے برلن مسجد کی تعمیر کے ساتھ ساتھ قرآن کریم کو جرمن زبان میں ترجمہ کرکے اسلام کی گرانقدر خدمات سرانجام دیں۔ جرمن مشن کے علاوہ ووکنگ مسلم مشن میں بھی حضرت خواجہ صاحب کے دوش بدوش کام کیا۔ دیگر امور میں احمدیہ مارکیٹ نمبر ۱ و ۲ کی تعمیر بھی حضرت کے کارہائے نمایاں میں شامل ہیں حسب ذیل کتب بھی تصنیف فرمائیں (۱) رحمۃ اللعالمین۔ غریبوں کے والی (۲) عیسائی معتقدات تعلیم انجیل کی روشنی میں (۳) ضرورت حدیث (۴) حضرت مسیح موعود و مجدد زمان کا دعویٰ اپنی دس آخری کتابوں کی رو سے (۵) عظمت قرآن (۶) خصائص قرآن (۷) معارف القرآن (۸) تفسیر سورۃ فاتحہ

★ برلن مسجد جسے ۱۹۲۴ء میں انجمن کی طرف سے حضرت مولانا صدر الدین نے تعمیر کروایا۔

مسیحِ دوراں کے مشن کو دُنیا کے کناروں تک پہنچانے کیلئے سرگرمِ عمل ایک بے لوث مجاہد

حضرت ڈاکٹر سعید احمد خان صاحب
سینئر نائب صدر
چیئرمین تبلیغ بلادِ غیر

جنھوں نے نہ صرف اندرونِ پاکستان کی جماعتوں میں احساس ذمّہ داری پیدا کیا۔ بلکہ بیرونِ پاکستان کے تبلیغی مراکز میں زندگی کی ایک لہر دوڑا دی۔

حسب ذیل ملکوں میں آپ کے تبلیغی دوروں نے جماعت کو نظم و ضبط اور استحکام بخشا۔

(۱) لندن (۲) برلن (جرمنی)
(۳) ہالینڈ کے کئی شہروں — جہاں مشن موجود ہیں۔
(۴) سرینام (۵) گیانا (۶) ٹرینیڈاڈ
(۷) سان فرانسسکو (امریکہ) شکاگو

ایستادہ - دائیں سے - جناب نسیم محمد خان صاحب - سید محمود حسین صاحب - شاہد عزیز صاحب (سیکرٹری) چوہدری مسعود اختر صاحب - ڈاکٹر نذیر الاسلام صاحب
بیٹھے ہوئے: ڈاکٹر پاشا سعید صاحب اور ان کے صاحبزادگان - جناب ڈاکٹر سعید احمد خان صاحب - محترمہ حمیدہ فیض محمد خان صاحب (صدر جماعت)

حضرت ڈاکٹر بشارت احمد مرحوم و مغفور

آپ اکتوبر ۱۸۶۷ء میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم سیالکوٹ میں پائی۔ لبعد ازاں لاہور کے میڈیکل کالج سے ڈاکٹری پاس کر کے بسلسلہ ملازمت افریقہ چلے گئے اور ڈیڑھ سال کے بعد واپس آ کر سرکاری ملازمت اختیار کر لی امرتسر میں آپکے بڑے فرزند ممتاز احمد کو سخت ٹائیفائیڈ بخار ہو گیا۔ بچے کی حالت خراب ہو رہی تھی۔ انہی دنوں حضرت مسیح موعود کی کتاب برکات الدعا شائع ہوئی تھی اور لوگوں میں انکی قبولیت دعا کا کافی چرچا تھا۔ بیوی کے اصرار پر دعا کی غرض سے قادیان تشریف لے گئے۔ حضرت مسیح موعود سے وابستگی سے متعلق واقعات کو خود نوشت "قبول احمدیت کی سرگذشت" میں یوں بیان فرماتے ہیں:۔

"مذہب سے دلچسپی مجھے بچپن سے ہی تھی۔ مگر میری طبیعت میں جہاں مذہب کا شوق تھا وہاں مذہبی مسائل میں تحقیقات کرنے کا بھی عشق بدرجۂ کمال تھا۔ تحقیقات کا نتیجہ یہ ہوا کہ میں اہلِ حدیث میں شامل ہو گیا۔ ان دنوں ہمارا خاندان سیالکوٹ چھاؤنی میں رہتا تھا۔ میں نے اب صدر کی بڑی مسجد میں نمازیں پڑھنا شروع کیں جہاں حضرت مولانا عبدالکریم صاحب نمازیں پڑھایا کرتے تھے ـــــ میں سیالکوٹ شہر میں سکاچ مشن ہائی سکول میں پڑھتا تھا۔ مولوی قائم الدین مرحوم اور ڈاکٹر سر محمد اقبال میرے ہم جماعت تھے۔ ہمارے پرنسپل ایک سمجھدار پادری ینگ من تھے مولوی قائم الدین مرحوم اور ڈاکٹر اقبال انجیل کے گھنٹہ میں ان سے اکثر بحث و مباحثہ کیا کرتے تھے۔ آخر دن رات پادری سے اسلام کے خلاف باتیں سننے کا نتیجہ یہ ہوا کہ مجھے اسلام کی صداقت پر شبہات پیدا ہو گئے۔ ۱۸۹۱ء کا زمانہ تھا۔ طبیعت کی اس بے چینی میں ایک روز میرے دادا جان نے ایک کتاب مجھے دکھائی کہ دیکھو چودھویں صدی کا کرشمہ ایک شخص مرزا غلام احمد قادیانی نے مثیل مسیح ہونے کا دعویٰ کیا ہے اور یہ کتاب اسنے شائع کی ہے۔ میں نے کتاب کو پڑھنا شروع کیا۔ اور اسکی باتیں میرے سینہ و قلب میں اترتی چلی گئیں ـــ کچھ دنوں بعد غلغلہ ہوا کہ وہی مدعی مسیحیت مرزا غلام احمد صاحب سیالکوٹ تشریف لا رہے ہیں۔ حضرت صاحب نے حکیم حسام الدین کی مسجد میں عصر کی نماز پڑھائی۔ اسکے بعد آپ مسجد کے فرش میں بیٹھ گئے لوگ کثرت سے مسجد میں جمع تھے۔ اور قسم قسم کے سوالات مختلف مسائل اسلامیہ پر کرتے تھے اور آپ ایسا تشفی بخش جواب دیتے تھے کہ ایمان تازہ ہو جاتا تھا۔ دوسرے دن گئے تو حضرت مرزا صاحب نے سورۂ فاتحہ کی تفسیر بیان فرمائی ان حقائق و معارف کو سنکر میری آنکھیں کھل گئیں۔ ڈاکٹر اقبال صاحب اس وقت مسجد کی ڈیوڑھی کی چھت پر بیٹھے تھے اور اس تفسیر کی تعریف میں رطب اللسان تھے اسی طرح ایک دن سیالکوٹ چھاؤنی کے نہایت نیک احمدی بزرگ مولوی جلال الدین مرحوم کو ملنے گیا اور اتفاق سے حضرت مرزا صاحب کی مشہور تصنیف "براہین احمدیہ" پڑھنے کا موقع ملا۔ وہ تحریر کیا تھی کہ میرے جلے ہوئے دل کیلئے ایک مرہم تھا۔ اسمیں قرآن مجید کے منجانب اللہ ہونے پر ایسے زبردست دلائل تحریر تھے کہ ایمان میں زندگی پیدا ہو گئی ـــــــ میں جب اپنے بیٹے ممتاز احمد کی صحت کیلئے دعا کروانے کی غرض سے قادیان گیا تھا تو حضرت مولانا نور الدین صاحب مرحوم و مغفور نے جو مجھے سیالکوٹ سے جانتے تھے حضرت مسیح موعود سے یوں تعارف کروایا حضور یہ بھی ایک سعید روح ہے، جو آپکی خدمت میں پیش کر رہا ہوں" حضرت صاحب نے بڑی خندہ پیشانی سے مصافحہ کیا۔ میں نے عرض کی کوئی وظیفہ بتائیے جس سے دل صاف ہو۔ فرمایا "یہی نمازیں سنوار سنوار کر اور سمجھ کر پڑھا کرو" میرے دل پر اس کا خاص اثر ہوا۔ کیونکہ صفائی قلب کیلئے مسنون طریقہ یہی نماز تھی، جو حضرت مسیح موعود نے بتلائی۔ جس سے مجھے یہ پتہ چلا کہ آپکا قدم سنت رسول اللہ صلعم پر کسقدر مضبوط تھا اور آپ کسی ایسے وظیفہ کے حامی نہ تھے جو بدعت کے رنگ میں ہو اسکے بعد میں نے حضور کی بیعت کر لی" یہ ۱۹۰۲ء کا واقعہ ہے آپ ملازمت کے سلسلے میں پنجاب کے مختلف مقامات پر متعین رہے ۱۹۲۳ء میں لدھیانہ سے ریٹائر ہوئے اسوقت آپکو ایک ریاست سے ایک نہایت عمدہ پیشکش ملازمت کی آئی آپ نے حضرت مولانا محمد علی صاحب سے اسکے متعلق لکھا اسکے جواب میں مولانا نے ان کو ایک شعر لکھ بھیجا ؎ عمر بگذشت و نماند ست جز ایامے چند ؛ بہ کہ در یاد کسے صبح کنی شامے چند، ڈاکٹر صاحب پر اس کا ایسا اثر ہوا کہ اسکے بعد آپنے لاہور میں سکونت اختیار کر لی اور پھر خدمت قرآن اور جماعت کی تقویت کیلئے جو کارہائے نمایاں انھوں نے کئے وہ ہمیشہ کے لئے زندہ رہیں گے۔ انکی معرکہ آرا تصانیف حسب ذیل ہیں۔

• مجدد اعظم ۳ جلدوں میں • قرآن کریم کا عالمگیر پیغام حریت • انوار القرآن - حصہ اوّل (پارہ عم کی تفسیر) • حصہ دوم (ستائیسویں پارہ کی تفسیر) • ولادت مسیح • الروح • تناسخ • مسئلہ تقدیر • کشف الظنون عن المراق والجنون ـــ آپکی وفات ۱۲ اپریل ۱۹۲۳ء میں ہوئی

مُمتاز احمد فارُوقی صاحب مرحُوم

